# Karnataka Secondary Education Examination Board,

# Malleshwaram, Bengaluru.

## Subject: First Language-Urdu        Subject code: 12U

## (Regular Fresh)

## زبانِ اوّل- اُردو

## تعلیمی سال 20-2019 کے سوالی پرچے کی خصوصیات

تعلیمی سال 20-2019 کے لئے چند تبدیلیوں کے ساتھ دسویں جماعت کا سوالی پرچہ تیار کیا گیا ہے۔ یہ پرچہ مقاصد، مواد، سوالات کی نوعیت، سطح دِقیقیت پر مبنی ہے۔ اس پرچے کی تیاری میں عظیم پریم جی فونڈیشن کے سفارشات کو اپناتے ہوئے کرناٹک سیکنڈری ایجوکیشن اکزامنیشن بورڈ نے روایتی پرچے کے مقابلے کئی تبدیلیاں کی ہیں، تاکہ زبانِ اوّل- اردو کے طلباء اپنے خیالات کو تفصیلی طور پر بیان کرسکیں۔ یہ تبدیلی طالب العلموں میں زبان دانی کو حاصل کرنے اور اسے استعمال کرنے میں آسانی فراہم کرے گی۔ اس کے ذریعے بچوں کی تخلیقی سوچ میں اضافہ ہوگا، جس کے ذریعے زبان کو موثر طریقے سے سیکھنے کے راستے ہموار ہوتے ہیں۔ طالب العلموں میں نشو ونما پانے والی یہ تبدیلی اُن کے لئے مستقبل کی تعلیم میں مشعلِ راہ بنتی ہے۔

**سال 20-2019 کے زبانِ اوّل- اُردو کے سوالی پرچے کی خصوصیات حسبِ ذیل ہیں؛**

1. پچھلے سالوں بورڈ کی جانب سے بننے والے مختلف سبجکٹس کے سوالی پرچوں میں تغیر ہوا کرتا تھا۔ مگر اس مرتبہ تمام سبجکٹس کے سوالی پرچوں کی نوعیت میں یکسانیت لائی گئی ہے۔ لہذا اب مختلف اوّل زبانوں کے جتنے بھی سوالی پرچے SSLC کے سالانہ امتحان کے لئے بنیں گے اُن سب کی نوعیت یکساں رہے گی۔

2. پچھلے سالوں میں بورڈ کی جانب سے ہر سبق کے لئے ویٹیج دیا جاتا تھا۔ یعنی یہ طئے کیا گیا تھا کہ کس سبق سے کتنے نشانات کے سوالات امتحان میں پوچھے جائیں گے۔ مگر اس سال سوالی پرچہ تھیم بیسڈ (Theme based) ہوگا۔ یعنی سوالات مقاصد کی بنیاد پر تیار کیا جائے گا۔ اس سال مقاصد کے تحت یاد داشت کے لئے 21 فہم وادراک کے لئے 36 اظہار کے لئے 39 اور مدح کے لئے 4 نشانات رکھے گئے ہیں۔ جب کہ گذشتہ سال یادداشت کے لئے 25 فہم وادراک کے لئے 37 اظہار کے لئے 34 تھے اور مدح کے لئے 4 نشانات رکھے گئے تھے۔ سوالی پرچے تیار کرنے والوں کو یہ آزادی رہے گی کی وہ مقاصد کے دائرے میں رہ کر کسی بھی سبق سے جس قدر سوالات پوچھنا چاہیں پوچھ سکتے ہیں۔

3. سوالی پرچہ تیار کرنے والوں کو اس بات کا لازمی طور پر خیال رکھنا پڑے گا کہ کوئی بھی سبق ایسا نہ رہ جائے جس سے متعلق کوئی بھی سوال نہ پوچھا گیا ہو۔ یعنی ہر سبق سے کوئی نہ کوئی سوال پوچھا جانا شرط ہے۔

4. بعض زبانِ اوّل کی نصابی کتابوں میں سپلیمنٹری ریڈنگ کے طور پر اسباق دیئے گئے ہیں۔ درسی کتاب کے اُس حصے سے بھی سوالات کا پوچھا جانا لازمی ہے۔ مگر زبانِ اوّل کی اردو کتاب میں سپلیمنٹری ریڈنگ کے اسباق نہیں ہیں چنانچہ سپلیمنٹری ریڈنگ کے لئے مختص کئے گئے سوالات کو نثر، نظم اور قواعد کے حصوں میں بانٹ دیا گیا ہے۔

5. پچھلے سوالی پرچے ہی کی طرح اس سال بھی زبانِ اوّل اردو کا سوالی پرچہ بھی نثر، نظم، قواعد وانشاء، مضمون نگاری، مکتوب نگاری اور عبارت پر مبنی ہوگا۔

6. پچھلے سالوں کے سوالی پرچوں میں سوالات کو ''حصّہ الف''، ''حصّہ ب''، اور ''حصّہ ج'' میں بانٹا گیا تھا۔ جو الترتیب نثر ونظم، قواعد اور انشاء کے سوالات پر مشتمل ہوتا تھا۔ اس طریقۂ کار میں آسان سے مشکل سوالات کی طرف جانے کے عمل میں دشواری آتی تھی معروضی سوالات جو ایک نشان کے ہوتے تھے، عام طور پر طلباء اسے آسانی سے لکھ لیتے تھے۔ وہ درمیانی صفحات میں رکھنا پڑتا تھا۔ لہذا آسان سے مشکل کی طرف جانے کی ترتیب کو عملی جامہ پہنانے کے لئے سوالات کو ''حصّہ الف''، ''حصّہ ب''، اور ''حصّہ ج'' میں بانٹنے کی روایت کو ختم کی گئی ہے۔ اب سوالی پرچہ مختلف حصّوں میں بٹا ہوا نہیں ہے بلکہ آسان سے

بتدریج مشکل کی طرف لے جایا گیا ہے۔ پہلے ایک مارکس کے سوالات، پھر دو، پھر تین، پھر چار اور آخر میں پانچ مارکس کا سوال رکھا گیا ہے۔اس کے علاوہ طلباء کی آسانی کے لئے مسلسل سوال نمبر کے علاوہ مختلف عنوانات پر رومن نمبر بھی لگائے گئے ہیں۔

7. بورڈ سے جاری کردہ احکام کے مطابق سوالی پرچے میں اختیاری سوالات (Internal choice questions) کی تعداد کو بھی مقرر کیا گیا ہے۔ طلباء کے لئے انٹرنل مارکس جس قدر دئے جاتے ہیں، اُسی بنیاد پر اختیاری سوالات کی مقدار کو مقرر کیا گیا ہے۔یعنی یہ کہا گیا ہے کہ جس قدر انٹرنل مارکس رکھے گئے ہیں، اختیاری سوالات کے جملہ نشانات کی مقدار اتنی یا اس سے کم ہونی چاہئے۔ریاست کرناٹک میں دسویں جماعت کے لئے اوّل زبان کے انٹرنل مارکس کی مقدار 25 مقرر کی گئی ہے۔لہذا اس سال کے سوالی پرچے میں مصنف اور شاعر کا تعارف ''یا''(Choice) میں نہیں ہوگا۔

8. بورڈ کی نئی پالیسی کے تحت معروضی، ایک جملے اور دو جملوں کی مقدار کو %40 سے بڑھایا نہیں جاسکتا۔ اس لئے اس سال معروضی سوالات 10 سے گھٹا کر 6 ردیئے گئے ہیں۔اسی طرح ایک جملے کے سوالات کی تعداد کو 11 سے گھٹا کر 7 کر دیا گیا ہے۔

اور دو تین جملوں کے سوالات کو 8 سے بڑھا کر 10 کر دئے گئے ہیں۔اس طرح اس سال معروضی سوالات، ایک جملے کے سوالات اور دو تین جملوں کے سوالات کا فیصد 40 تک محدود ہے۔جب کہ گذشتہ سال یہ فیصد 52.5 ہو گیا تھا۔

9. جب کم جملوں کی تعداد میں کٹوتی ہوئی تو ظاہر ہے تین اور چار جملوں کے سوالات اور تفصیلی سوالات کی تعداد بڑھ گئی۔پچھلے سال 100 نشانات کے سوالی پرچے میں جہاں 50 سوالات ہوا کرتے تھے اب صرف 45 سوالات رہ گئے ہیں۔سوالات کی یہ تعداد اب سبھی اوّل زبان کے سوالی پرچوں میں مساوی رہے گی۔

10. تمام اوّل زبانوں کے سوالی پرچوں میں ان دیکھی عبارت سے متعلق سوالات پوچھے جاتے تھے۔لہذا امسال بھی اس روایت کو برقرار رکھا گیا ہے۔مگر یہ ایک ایک نشان کے 3 سوال نہ ہوتے ہوئے چار نشانات کا ایک سوال ہوگا،جس میں دو مارکس کے دو سوالات دئے جائیں گے۔

11. خطوط اور مضمون نویسی کے سوالات میں کوئی زیادہ تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔یہاں حسبِ معمول خط کے لئے 5 اور مضمون کے لئے 5 نشانات مختص ہیں۔

12. اس سال مقاصد کے اعتبار سے بھی نشانات کی ترمیم ہوئی ہے۔یادداشت سے متعلق سوالات %25 سے گھٹا کر %21 کر دیا گیا ہے۔فہم و ادرک سے متعلق نشانات کو %37 سے گھٹا کر %36 کر دیا گیا ہے۔اسی طرح اظہار سے متعلق نشانات کو %34 سے بڑھا کر %39 کر دیا گیا ہے۔مدح سے متعلق سوالات کے لئے وہی فیصد نشانات کو باقی رکھا گیا ہے ایسا اس لئے کیا گیا ہے تاکہ طلباء میں اظہار خیال کی صلاحیت فروغ پاسکے۔

13. جہاں تک سوالات کی سطح و قیقیت کا تعلق ہے اس کی مقدار میں کوئی ترمیم نہیں ہوئی ہے۔پچھلے سالوں ہی کی طرح اس سال بھی %30 آسان سوالات ہوں گے۔اوسط %50،اور مشکل %20 ہوں گے۔

14. پچھلے سوالاتی پرچے کا موازنہ اگر اس سال کے سوالاتی پرچے کے ساتھ کرنا مقصد ہو تو نیچے دئے گئے سوالی پرچوں کے دونوں نمونوں کے علاوہ سوالی پرچے کے خاکے کا گہرا مطالعہ ناگزیز ہے۔

**اہم نوٹ: نیچے دئے نمونے کے سوالی پرچے محض اس سال سالانہ امتحان کے سوالی پرچے کی نوعیت کو واضح کرنے کے لئے دئے گئے ہیں۔ضروری نہیں کی سالانہ امتحان میں یہی سوالات پوچھے جائیں۔**

# Karnataka Secondary Education Examination Board,

# Malleshwaram, Bengaluru.

## Subject: First Language-Urdu Subject code: 12U

## (Private Fresh)

## زبانِ اوّل-اردو

## تعلیمی سال 2019-20 کے سوالی پرچے کی خصوصیات

تعلیمی سال 2019-20 کے لئے چند تبدیلیوں کے ساتھ دسویں جماعت کا سوالی پرچہ تیار کیا گیا ہے۔ یہ پرچہ مقاصد، مواد، سوالات کی نوعیت، سطح دقیقیت پر مبنی ہے۔ اس پرچے کی تیاری میں عظیم پریم جی فونڈیشن کے سفارشات کو اپناتے ہوئے کرناٹک سکینڈری ایجوکیشن اکزامنیشن بورڈ نے روایتی پرچے کے مقابلے کئی تبدیلیاں کی ہیں، تاکہ زبانِ اوّل-اردو کے طلباء اپنے خیالات کو تفصیلی طور پر بیان کرسکیں۔ یہ تبدیلی طالب العلموں میں زبان دانی کو حاصل کرنے اور اسے استعمال کرنے میں آسانی فراہم کرے گی۔ اس کے ذریعے بچوں کی تخلیقی سوچ میں اضافہ ہوگا، جس کے ذریعے زبان کو موثر طریقے سے سیکھنے کے راستے ہموار ہوتے ہیں۔ طالب العلموں میں نشو ونما پانے والے یہ تبدیلی اُن کے لئے مستقبل کی تعلیم میں مشعلِ راہ بنتی ہے۔

**سن 2019-20 کے زبانِ اوّل- اُردو کے سوالی پرچے کی خصوصیات حسبِ ذیل ہیں؛**

1. پچھلے سالوں میں بورڈ کی جانب سے بننے والے مختلف سبجکٹس کے سوالی پرچوں میں تغیر ہوا کرتا تھا۔ مگر اس مرتبہ تمام سبجکٹس کے سوالی پرچوں کی نوعیت میں یکسانیت لائی گئی ہے۔ لہذا اب اوّل زبانوں کے جتنے بھی سوالی پرچے کرناٹک کے ایس ایس ایل سی بورڈ سے SSLC امتحان کے لئے بنیں گے اُن سب کی نوعیت یکساں ہی رہے گی۔

2. پچھلے سالوں میں بورڈ کی جانب سے ہر سبق کے لئے ویٹیج دیا جاتا تھا۔ یعنی یہ طئے کیا گیا تھا کہ کس سبق سے کتنے نشانات کے سوالات امتحان میں پوچھے جائیں گے۔ مگر اس سال سوالی پرچہ مقاصد کی بنیاد پر تیار کیا جائے گا۔ اس سال مقاصد کے تحت یادداشت کے لئے 27 فہم وادراک کے لئے 44 اظہار کے لئے 50 اور مدح کے لئے 4 نشانات رکھے گئے ہیں۔ سوالی پرچے تیار کرنے والوں کو یہ آزادی رہے گی کی وہ مقاصد کے دائرے میں رہ کر کسی بھی سبق سے جس قدر سوالات پوچھنا چاہیں پوچھ سکتے ہیں۔

3. سوالی پرچہ تیار کرنے والوں کو اس بات کا لازمی طور پر خیال رکھنا پڑے گا کہ کوئی بھی سبق ایسا نہ رہ جائے جس سے متعلق کوئی بھی سوال نہ پوچھا گیا ہو۔ یعنی ہر سبق سے کوئی نہ کوئی سوال پوچھا جانا شرط ہے۔

4. بعض زبانِ اوّل کی نصابی کتابوں میں سپلیمنٹری ریڈنگ کے طور پر اسباق دئے گئے ہیں۔ درسی کتاب کے اُس حصے سے بھی سوالات کا پوچھا جانا لازمی ہے۔ مگر زبانِ اوّل کی اردو کتاب میں سپلیمنٹری ریڈنگ کے اسباق نہیں ہیں چنانچے سپلیمنٹری ریڈنگ کے لئے مختص کئے گئے سوالات کو نثر، نظم اور قواعد کے حصوں میں بانٹ دیا گیا ہے۔

5. پچھلے سوالی پرچے ہی کی طرح اس سال بھی زبانِ اوّل اردو کا سوالی پرچہ بھی نثر، نظم، قواعد وانشاء، مضمون نگاری، مکتوب نگاری اور عبارت پر مبنی ہوگا۔

6. پچھلے سالوں کے سوالی پرچوں میں سوالات کو ''حصّہ الف''، ''حصّہ ب''، اور ''حصّہ ج'' میں بانٹا گیا تھا۔ جو الترتیب نثر، نظم، قواعد اور انشاء کے سوالات پر مشتمل ہوتا تھا۔ اس طریقۂ کار میں آسان سے مشکل سوالات کی طرف جانے کے عمل میں دشواری آتی تھی معروضی سوالات جو ایک نشان کے ہوتے تھے، عام طور پر طلباء اسے آسانی سے لکھ لیتے تھے۔ وہ درمیانی صفحات میں رکھنا پڑتا تھا۔ لہذا آسان سے مشکل کی طرف جانے کی ترتیب کو عملی جامہ پہنانے کے لئے سوالات کو ''حصّہ الف''، ''حصّہ ب''، اور ''حصّہ ج'' میں بانٹنے کی روایت کو ختم کی گئی ہے۔ اب سوالی پرچہ مختلف حصّوں میں بٹا ہوا نہیں ہے بلکہ آسان سے بتدریج مشکل کی طرف لے جایا گیا ہے۔ پہلے ایک مارکس کے سوالات، پھر دو، پھر تین، پھر چار اور آخر میں پانچ مارکس کا سوال رکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ

طلباء کی آسانی کے لئے مسلسل سوال نمبر کے علاوہ مختلف عنوانات پر رومن نمبر بھی لگائے گئے ہیں۔

7. بورڈ سے جاری کردہ احکام کے مطابق سوالی پرچے میں اختیاری سوالات (Internal choice questions) کی تعداد کو بھی مقرر کیا گیا ہے۔ طلباء کے لئے انٹرنل مارکس جس قدر دئے جاتے ہیں، اُسی بنیاد پر اختیاری سوالات کی مقدار کو مقرر کیا گیا ہے۔ یعنی یہ کہا گیا ہے کہ جس قدر انٹرنل مارکس رکھے گئے ہیں، اختیاری سوالات کے جملہ نشانات کی مقدار اتنی یا اس سے کم ہونی چاہئے۔ ریاست کرناٹک میں دسویں جماعت کے لئے اوّل زبان کے انٹرنل مارکس کی مقدار 25 مقرر کی گئی ہے۔ لہٰذا اس سال کے سوالی پرچے میں مصنف اور شاعر کا تعارف ''یا'' (Choice) میں نہیں ہوگا۔ حالانکہ private طلباء کے لئے انٹرنل مارکس نہیں ہوتے پھر بھی Regular طلباء ہی کے مساوی private طلباء کو بھی اختیاری سوالات کی مقدار اسی قدر رکھنی پڑتی ہے۔

8. بورڈ کی نئی پالیسی کے تحت معروضی، ایک جملے اور دو جملوں کی مقدار کو 40% سے بڑھایا نہیں جا سکتا۔ اس لئے اس سال ایک جملے کے سوالات کی تعداد کو 15 سے گھٹا کر 8 کر دیئے گئے ہیں۔ جبکہ معروضی سوالات کی تعداد 10 برقرار ہے اور مناسبت کے سوالات میں ایک سوال کا اضافہ کرتے ہوئے 5 کر دیا گیا ہے۔ دو تین جملوں کے سوالات پہلے بھی 15 تھے اب بھی 15 رہیں گے۔ اس طرح اس سال معروضی سوالات، ایک جملے کے سوالات اور دو تین جملوں کے سوالات کا فیصد 40 تک محدود ہے۔ جب کہ گذشتہ سال یہ فیصد 52.5 ہو گیا تھا۔

9. جب کم جملوں کی تعداد میں کٹوتی ہوئی تو ظاہر ہے تین اور چار جملوں کے سوالات اور تفصیلی سوالات کی تعداد بڑھ گئی۔ پچھلے سال 125 نشانات کے سوالی پرچے میں جہاں 63 سوالات ہوا کرتے تھے اب صرف 59 سوالات رہ گئے ہیں۔ سوالات کی یہ تعداد اب سبھی اوّل زبان کے سوالی پرچوں میں مساوی رہے گی۔

10. تمام اوّل زبانوں کے سوالی پرچوں میں ان دیکھی عبارت سے متعلق سوالات پوچھے جاتے تھے۔ لہٰذا امسال بھی اس روایت کو برقرار رکھا گیا ہے۔ مگر یہ ایک ایک نشان کے 3 سوال نہ ہوتے ہوئے چار نشانات کا ایک سوال ہوگا، جس میں دو مارکس کے دو سوالات دئے جائیں گے۔

11. خطوط اور مضمون نویسی کے سوالات میں کوئی زیادہ تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ یہاں حسبِ معمول خط کے لئے 5 اور مضمون کے لئے 5 نشانات مختص ہیں۔

12. اس سال مقاصد کے اعتبار سے بھی نشانات کی ترمیم ہوئی ہے۔ یادداشت سے متعلق سوالات 25% سے گھٹا کر 21% کر دیا گیا ہے۔ فہم و ادراک سے متعلق نشانات کو 37% سے گھٹا کر 36% کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح اظہار سے متعلق نشانات کو 34% سے بڑھا کر 40% کر دیا گیا ہے۔ مدح سے متعلق سوالات کے لئے وہی فیصد نشانات کو باقی رکھا گیا ہے ایسا اس لئے کیا گیا ہے تاکہ طلباء میں اظہار خیال کی صلاحیت فروغ پا سکے۔

13. جہاں تک سوالات کی دقیقیت کا تعلق ہے اس کی مقدار میں کوئی ترمیم نہیں ہوئی ہے۔ پچھلے سالوں ہی کی طرح اس سال بھی 30% آسان سوالات ہوں گے۔ اوسط 50%، اور مشکل 20% ہوں گے۔

14. پچھلے سوالاتی پرچے کا موازنہ اگر اس سال کے سوالاتی پرچے کے ساتھ کرنا مقصد ہو تو نیچے دئے گئے سوالی پرچوں کے دونوں نمونوں کے علاوہ سوالی پرچے کے خاکے کا گہرا مطالعہ ناگزیز ہے۔

**اہم نوٹ: نیچے دئے نمونے کے سوالی پرچے محض اس سال سالانہ امتحان کے سوالی پرچے کی نوعیت کو واضح کرنے کے لئے دئے گئے ہیں۔ ضروری نہیں کی سالانہ امتحان میں یہی سوالات پوچھے جائیں۔**

**Karnataka Secondary Education Examination Board,**
**Malleshwaram, Bengaluru.**

---

**Subject: First Language- Urdu** **Subject code:12U**

**(Regular Fresh)**

اکائیاں:نثر،نظم،قواعد،انشاء،مکتوب نگاری

مقررہ وقت:3:00 جملہ نشانات:100 جماعت:دسویں موضوع:زبان اوّل- اُردو

---

**1. مقاصد پر مبنی نشانات کی تقسیم:**

| نمبر شمارہ | مقاصد | 2018 -19 | | 2019 -20 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | فیصدوار نشانات | جملہ نشانات | فیصدوار نشانات | جملہ نشانات |
| 1 | معلومات/یادداشت | 25% | 25 | 21% | 21 |
| 2 | فہم وادراک | 37% | 37 | 36% | 36 |
| 3 | اظہار | 34% | 34 | 39% | 39 |
| 4 | مدح | 04% | 04 | 04% | 04 |
| 5 | جملہ | **100%** | **100** | **100%** | **100** |

**2. اسباق پر مبنی نشانات کی تقسیم:**

| نمبر شمارہ | نصابی مواد | 2018 -19 | | 2019 -20 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | جملہ نشانات | فیصدوار | جملہ نشانات | فیصدوار |
| 1 | حصّہ نثر | 35 | 35% | 34 | 34% |
| 2 | حصّہ نظم | 32 | 32% | 33 | 33% |
| 3 | قواعد وانشاء | 20 | 20% | 19 | 19% |
| 4 | مضمون نگاری | 05 | 05% | 05 | 05% |
| 5 | مکتوب نگاری | 05 | 05% | 05 | 05% |
| 6 | عبارت | 03 | 03% | 04 | 04% |
| 7 | جملہ نشانات | **100** | **100%** | **100** | **100%** |

## 3. سطح دقیقیت پر مبنی نشانات کی تقسیم:

| آسان | اوسط | مشکل | جملہ |
|---|---|---|---|
| 30% | 50% | 20% | 100% |
| 30 | 50 | 20 | 100 |

## 4. سوالات کی نوعیت پر مبنی نشانات کی تقسیم:

| | | **2018 -19** | | | | **2019 -20** | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمارہ | سوالات کی نوعیت | سوالات | نشانات | جملہ نشانات | من جملہ (تنظیم) | سوالات | نشانات | جملہ نشانات | من جملہ (تنظیم) |
| 1 | معروضی سوالات | 10 | 01 | 10 | 10x1=10 | 06 | 01 | 06 | 6x1=6 |
| 2 | مناسبت کے سوالات | 04 | 01 | 04 | 4x1=4 | 04 | 01 | 04 | 4x1=4 |
| 3 | ایک جملے کے سوالات | 11 | 01 | 11 | 11x1=11 | 07 | 01 | 07 | 7x1=7 |
| 4 | دو تین جملوں کے سوالات | 08 | 02 | 16 | 8x2=16 | 10 | 02 | 20 | 10x2=20 |
| 5 | تین چار جملوں کے سواالات | 11 | 03 | 33 | 11x3=33 | 11 | 03 | 33 | 11x3=33 |
| 6 | تفصیلی سوالات | 04 | 04 | 16 | 4x4=16 | 05 | 04 | 20 | 5x4=20 |
| 7 | مکتوب و مضمون نگاری | 02 | 05 | 10 | 2x5=10 | 02 | 05 | 10 | 2x5=10 |
| 10 | جملہ | **50** | **-** | **100** | **-** | **45** | **-** | **100** | **-** |

## 5. سوالات کی نوعیت پر مبنی وقت کی تقسیم:

| | | 2018-19 | | | | 2019-20 | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمارہ | سوالات کی نوعیت | جملہ سوالات | نشانات | جملہ نشانات | مقررہ وقت | جملہ سوالات | نشانات | جملہ نشانات | مقررہ وقت |
| 1 | معروضی سوالات | 10 | 01 | 10 | 10منٹ | 06 | 01 | 06 | 06منٹ |
| 2 | مناسبت کے سوالات | 04 | 01 | 04 | 04منٹ | 04 | 01 | 04 | 04منٹ |
| 3 | ایک جملے کے سوالات | 11 | 01 | 11 | 22منٹ | 07 | 01 | 07 | 14منٹ |
| 4 | دو تین جملوں کے سوالات | 08 | 02 | 16 | 24منٹ | 10 | 02 | 20 | 30منٹ |
| 5 | تین چار جملوں کے سوالات | 11 | 03 | 33 | 55منٹ | 11 | 03 | 33 | 44منٹ |
| 6 | تفصیلی سوالات | 04 | 04 | 16 | 30منٹ | 05 | 04 | 20 | 45منٹ |
| 7 | مکتوب و مضمون نگاری | 02 | 05 | 10 | 20منٹ | 02 | 05 | 10 | 22منٹ |
| 8 | جملہ | **50** | **-** | **100** | **165منٹ** | **45** | **-** | **100** | **165منٹ** |

**Karnataka Secondary Education Examination Board,**

**Malleshwaram, Bengaluru.**

---

**Subject :First Language- Urdu** **Subject code:12U**

**(Private Fresh)**

اکائیاں: نثر، نظم، قواعد، انشاء، مکتوب نگاری

مقررہ وقت: 3:15 جملہ نشانات: 125 جماعت: دسویں موضوع: زبان اوّل- اُردو

---

**1. مقاصد پر مبنی نشانات کی تقسیم:**

| نمبر شمارہ | مقاصد | 2018 -19 | | 2019 -20 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | فیصدوار نشانات | جملہ نشانات | فیصدوار نشانات | جملہ نشانات |
| 1 | معلومات/ یادداشت | 25% | 31 | 21% | 27 |
| 2 | فہم وادراک | 37% | 47 | 36% | 44 |
| 3 | اظہار | 34% | 42 | 40% | 50 |
| 4 | مدح | 04% | 05 | 03% | 04 |
| 5 | جملہ | **100%** | **125** | **100%** | **125** |

**2. اسباق پر مبنی نشانات کی تقسیم:**

| نمبر شمارہ | نصابی مواد | 2018 -19 | | 2019 -20 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | جملہ نشانات | فیصدوار | جملہ نشانات | فیصدوار |
| 1 | حصّہ نثر | 44 | 35% | 44 | 35% |
| 2 | حصّہ نظم | 41 | 33% | 41 | 33% |
| 3 | قواعدوانشاء | 26 | 21% | 26 | 21% |
| 4 | مضمون نگاری | 05 | 04% | 05 | 04% |
| 5 | مکتوب نگاری | 05 | 04% | 05 | 04% |
| 6 | عبارت | 04 | 03% | 04 | 03% |
| 7 | جملہ نشانات | **125** | **100%** | **125** | **100%** |

## 3. سطح دقیقیت پر مبنی نشانات کی تقسیم:

| آسان | اوسط | مشکل | جملہ |
|---|---|---|---|
| 30% | 50% | 20% | 100% |
| 38 | 62 | 25 | 125 |

## 4. سوالات کی نوعیت پر مبنی نشانات کی تقسیم:

| | | 2018 -19 | | | | 2019 -20 | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمارہ | سوالات کی نوعیت | سوالات | نشانات | جملہ نشانات | من جملہ (تنظیم) | سوالات | نشانات | جملہ نشانات | من جملہ (تنظیم) |
| 1 | معروضی سوالات | 10 | 01 | 10 | 10x1=10 | 10 | 01 | 10 | 10x1=10 |
| 2 | مناسبت کے سوالات | 04 | 01 | 04 | 4x1=4 | 05 | 01 | 05 | 5x1=5 |
| 3 | ایک جملے کے سوالات | 15 | 01 | 15 | 15x1=15 | 08 | 01 | 08 | 8x1=8 |
| 4 | دوتین جملوں کے سوالات | 15 | 02 | 30 | 15x2=30 | 15 | 02 | 30 | 15x2=30 |
| 5 | تین چار جملوں کے سوااالات | 12 | 03 | 36 | 12x3=36 | 14 | 03 | 42 | 14x3=42 |
| 6 | تفصیلی سوالات | 05 | 04 | 20 | 5x4=20 | 05 | 04 | 20 | 5x4=20 |
| 7 | مکتوب ومضمون نگاری | 02 | 05 | 10 | 2x5=10 | 02 | 05 | 10 | 2x5=10 |
| 10 | جملہ | **63** | - | **125** | - | **59** | - | **125** | - |

## 5. سوالات کی نوعیت پر مبنی وقت کی تقسیم:

| | | 2018-19 | | | | 2019-20 | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمارہ | سوالات کی نوعیت | جملہ سوالات | نشانات | جملہ نشانات | مقررہ وقت | جملہ سوالات | نشانات | جملہ نشانات | مقررہ وقت |
| 1 | معروضی سوالات | 10 | 01 | 10 | 20منٹ | 10 | 01 | 10 | 10منٹ |
| 2 | مناسبت کے سوالات | 04 | 01 | 04 | 06منٹ | 05 | 01 | 05 | 05منٹ |
| 3 | ایک جملے کے سوالات | 15 | 01 | 15 | 15منٹ | 08 | 01 | 08 | 16منٹ |
| 4 | دوتین جملوں کے سوالات | 15 | 02 | 30 | 40منٹ | 15 | 02 | 30 | 30منٹ |
| 5 | تین چار جملوں کے سوالات | 12 | 03 | 36 | 54منٹ | 14 | 03 | 42 | 56منٹ |
| 6 | تفصیلی سوالات | 05 | 04 | 20 | 25منٹ | 05 | 04 | 20 | 45منٹ |
| 7 | مکتوب و مضمون نگاری | 02 | 05 | 10 | 20منٹ | 02 | 05 | 10 | 18منٹ |
| 8 | جملہ | **63** | **-** | **125** | **180منٹ** | **59** | **-** | **125** | **180منٹ** |

# Karnataka Secondary Education Examination Board

## 2019-20 Model Question Paper-1

**Subject: First Language -Urdu** **Subject code: 12U**

**(Regular Fresh)**

**Max. Marks: 100** **Max. Time: 3:00Hrs**

**ہدایات:**

(1) اس سوالی پرچے میں جملہ 45 سوالات درج ہیں۔

(2) املا، خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھا جائے۔ لکھنے سے قبل خوب سمجھ کر جوابات تحریر کریں۔

---

**I. درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دئے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں؛** 6x1=6

1. جس جملے میں مسند اور مسند الیہ اسم ہو، وہ جملہ کہلاتا ہے۔

(A) جملۂ فعلیہ (B) جملۂ مرکب (C) جملۂ مفرد (D) جملۂ اسمیہ

2. اس جملۂ انشائیہ میں ''شرط'' کی مثال ہے۔

(A) میری ضرورت پوری کردیں۔ (B) اگر محنت نہ کرتے تو کامیاب نہ ہوتے۔

(C) ہائے! یہ تباہی دیکھی نہیں جاتی۔ (D) واللہ کمال کا آدمی ہے۔

3. اُردو شاعری کی مقبول ترین صنف ہے۔

(A) غزل (B) قصیدہ (C) رباعی (D) مرثیہ

4. اصغؔر سے ملے لیکن، اصغؔر کو نہیں دیکھا اشعار میں سنتے ہیں، کچھ کچھ وہ نمایاں ہے

اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے۔

(A) صنعتِ تلمیح (B) صنعتِ استعارہ (C) صنعتِ تضاد (D) صنعتِ تکرار یا تکریر

5. مرکب جملہ کی قسمیں ہیں۔

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

6. جس نظم میں کسی مرحوم شخص کی تعریف کی جائے وہ ہے۔

(A) قصیدہ (B) مثنوی (C) منقبت (D) مرثیہ

**II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے؛** 4x1=4

7. درشتی : افسانہ :: بدایوں کے شام وسحر : ----------------------

8. صدا : آواز :: سدا : ----------------------

9. ابد : ازل :: عیاں : ----------------------

10. ایک آنکھ سے دیکھنا : انصاف پسند ہونا :: بھسم کردینا : ----------------------

**III. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے؛** 7x1=7

11. قاضی عبدالودود کس ملک کی نرسنگ ہوم میں زیرِ علاج تھے؟

12. ہر فرد اور ہر قوم کا پیدائشی حق کیا ہے؟

13. کونسا عقیدہ ہر مذہب میں موجود ہے؟

14. روزانہ مصنف کے جاگنے کا معمول کیا تھا؟

15. ''رباعی'' کس لفظ سے بنا ہے؟

16. اُونٹوں کو چرانے والے سے مُراد کون ہیں؟

17. بلدیہ والے کیا کام کرتے ہیں؟

**IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے؛** 10x2=20

18. نظم ''مچھر کا الٹی میٹم'' میں شاعر نے انسان کو انسان کا قاتل کیوں کہا؟

19. ''اماں'' کی شکل اور قد کے بارے میں لکھئے۔

20. بدایوں کی کونسی ہستیاں مصنفہ کو یاد ہیں اور کیوں؟

21. بھرت نارائن کون تھے؟ اُن کی وصیت کیا تھی؟

22. دنیا کے کون کونسے مما لک میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے؟

23. زعفران میں کون کونسے کیمیاوی اجزاء پائے جاتے ہیں؟

24. شاعر جوشؔ ملیح آبادی کی نظر میں رشوت نہ لینے سے کیا کیا نقصان ہوتا ہے؟

25. حضرت امام حسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا؟

26. ''سرحدوں کا جال'' نظم میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

27. شادؔ عظیم آبادی نے اپنی رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے؟

**V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے؛** 11x3=33

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے؛**

28. ''لوگو! امن وسکون کے ساتھ، لوگو! امن وسکون کے ساتھ۔''

29. ''یقیناً میں نے کہا ہے موجودہ گورنمنٹ ظالم ہے۔''

30. ''اور کیا تین بجے ہی سورج نکل آئے گا۔''

31. **درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے؛**

زہرہ جمال

32. **درجِ ذیلشاعر کا تعارف لکھئے؛**

شوق قدوائی

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے؛**

33. کن یوں غزل سُنایا، جلتیاں کوں پھر جلایا
سو رندِ لا اُبالی، شوقِ حسن کہاں ہے

34. کیا کیا خضرؑ نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی

35. یہ اپنی وفا کا عالم ہے، اب ان کی جفا کو کیا کہیئے
اک نشتر زہر آگیں رکھ کر، نزدیک رگِ جاں بھول گئے

**درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیے؛**

36. ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔

(i) باطل (ii) شمیم (iii) اہتمام

37. مرکب جملے کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجیے۔

38. صنعت تلمیح کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجیے۔

- یا -

صنعت تضاد کی تعریف مع مثال لکھیے۔

**VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھیے؛** 5x4=20

39. اپنی نصابی کتاب سے ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھیے۔

- یا -

مرثیہ کے آخری دو بند زبانی لکھیے۔

40. **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے؛**

(i) جگنو (ii) سرحدوں کا جال

41. جوشؔ کی نظم ''ماتمِ آزادی'' میں کس پر چوٹیں کی گئی ہیں؟

42. بحث کیجیے کہ ''امیر خسرو کی نظر میں شاعری ایک شوق نہیں حکمت کا درجہ رکھتی تھی۔''

- یا -

مولانا ابوالکلام آزاد کا'' آزادی سے متعلق کیا عقیدہ تھا؟

43. درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جواب لکھئے؛

اچھی کتاب کا انتخاب ایک اہم مسئلہ ہے۔اس کے لئے احتیاط اور غور وفکر کی سخت ضرورت ہوتی ہے۔اچھی کتاب ایک اچھے دوست کی طرح ہوتی ہے، جو دل ودماغ اور عادات واطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔بُری کتاب مخربِ اخلاق ہوتی ہے، جو طبعیت کو بُرائی کی طرف مائل کرتی ہے اچھا طالبِ علم وہی ہے جو عظیم رہنماؤں کی سوانح حیات،سفرنامے،تاریخی،مذہبی اور سائنسی کتابوں کو پسند کرے۔

سوالات:

(i) اچھی کتاب کے انتخاب میں کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

(ii) اچھا طالب علم کہلانے کے لئے کن کتابوں کا مطالعہ ضروری ہے؟

**VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے؛** 1x5=5

44. اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے، جس میں اپنی سالانہ امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

**- یا -**

اپنی اسکول کے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے، جس میں کوئی مناسب وجہ بتا کر تین دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

**VIII. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے؛** 1x5=5

45. ٹیلی ویژن کے فائدے اور نقصانات **- یا -** میرا پسندیدہ کھیل

☆☆☆☆☆

# Karnataka Secondary Education Examination Board

## 2019-20 Model Question Paper-2

**Subject: First Language -Urdu** **Subject code: 12U**

**(Regular Fresh)**

**Max. Marks: 100** **Max. Time: 3:00Hrs**

**ہدایات:**

(1)اس سوالی پرچے میں جملہ 45 سوالات درج ہیں۔

(2) املا، خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھا جائے۔ لکھنے سے قبل خوب سمجھ کر جوابات تحریر کریں۔

---

**I. درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دئے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں؛** 6x1=6

1. محاورہ ''باغ باغ ہونا'' کا مطلب ہے۔

(A) چہل قدمی کرنا (B) خوش ہونا (C) باغی ہونا (D) باغبانی کرنا

2. ارکان کی تکرار سے پیدا ہونے والے مخصوص وزن کو کہتے ہیں۔

(A) بحر (B)علم عروض (C) تقطیع (D) استعارہ

3. وہ نظم جس کے مصرع گھٹتے اور بڑھتے ہیں۔

(A) آزاد نظم (B) ترجیع بند (C) ترکیب بند (D) پابند نظم

4. کسی واقعہ، کیفیت یا صورتِ حال کی خبر دینے والے جملے کو کہتے ہیں۔

(A) جملۂ فعلیہ (B) جملۂ انشائیہ (C) جملۂ خبریہ (D) مقطع

5. بھاگ مسافر میرے وطن سے، میرے چمن سے بھاگ بھیتر بھیتر پھول کھلے ہیں، اندر اندر آگ

اس شعر میں استعمال شدہ صنعت ہے۔

(A) صنعتِ تکرار (B) صنعتِ تلمیح (C) صنعتِ استعارہ (D) صنعتِ تضاد

6. صورت کے اعتبار سے جملے کی قسمیں ہیں۔

(A)ایک (B) دو (C) تین (D) چار

**II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے؛** 4x1=4

7. آغاز : انجام :: آقا : ----------------------

8. عہد : دَور :: اَحد : ----------------------

9. مہا آتما : عظیم روح والا :: سحر طراز : ----------------------

10. پروان چڑھنا : کامیاب ہونا :: آگاہ کرنا : ----------------------

**III. درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے؛** 7x1=7

11. نمازِ عشق کے نصاب کا کیا مطلب ہے؟

12. آدا جعفری نے بدایوں کی خیریت کس سے دریافت کی؟

13. نظم ''مچھر کا الٹی میٹم'' کے شاعر کون ہیں؟

14. پنڈت نہرو اپنے پورے نام کا املا کس طرح لکھا کرتے تھے؟

15. ودیا چرن جی کی تقریر کا جواب کون دیا کرتا تھا؟

16. حضورؐ نے عورتوں کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

17. مچھر اپنے آپ کو کیا کہتا ہے؟

**IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے؛** 10x2=20

18. حضرت زینبؓ کو زار و قطار روتا ہوا دیکھ کر حضرت امام حسینؓ نے کیا نصیحت کی؟

19. تاریخ عالم کی سب سے بڑی ناانصافیاں کیا کیا ہیں؟

20. پرنسپل بھرت نارائن کی ساری زندگی کس کام میں گذری؟

21. ''پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے''۔ اندومتی کے اس طرح سوچنے کی وجہ کیا تھی؟

22. امیر خسرو کو ابتدائی زندگی میں مصیبتوں کا سامنا کیوں کرنا پڑا؟

23. امیر خسرو اپنے آپ کو ہندوستانی ترک کیوں کہتے تھے؟

24. بہار کے موسم میں چڑیاں کیا کرتی ہیں؟

25. نظم ''رشوت'' میں شاعر اپنی بستی کو کن لوگوں کا پاگل خانہ کہہ رہا ہے؟ اور کیوں؟

26. حضرت امام حسینؓ اُمت کے واسطے کیا کچھ کر گذرنا چاہتے تھے؟

27. تلوک چند محرومؔ نے اپنی رباعی میں کس بات کا پیغام دیا ہے؟

**V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے؛** 11x3=33

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے؛**

28. ''اے خدا تو گواہ رہ۔''

29. 'یادوں کے آئینے میں سجی ہوئی ہر تصویر حسین بھی ہو جاتی ہے اور عزیز بھی۔''

30. ''اُردو یا ہندی کے خطوط سنسر والے روک لیتے ہیں۔''

31. **درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے؛**

مولانا ابوالکلام آزادؔ

32. **درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے؛**

فراقؔ گورکھپوری

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے ؛**

33. یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے
قطرہ میں سمندر ہے، ذرے میں بیاباں ہے

34. بات پر واں زبان کٹتی ہے
وہ کہیں اور سُنا کرے کوئی

35. ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں
مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

**درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے ؛**

36. **ان الفاظ کے مترادفات لکھئے ؛**

(i) انتقام (ii) توقع (iii) اجنبی

37. مضمون کی تعریف کیجئے۔ اس کے کتنے حصّے ہیں اور کون کونسے ہیں؟ لکھئے۔

38. صنعتِ استعارہ کی تعریف کرتے ہوئے مع مثال لکھئے۔

**-یا-**

صنعتِ تشبیہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

**VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے ؛** 5x4=20

39. اپنی نصابی کتاب سے ''حمد'' یا ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔

40. **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے ؛**

(i) سرحدوں کا جال (ii) آمدِ بہار

41. لالہ کرپاشنکر جی کے مصنف کو جگانے کا حال اپنے الفاظ میں لکھئے۔

42. زعفران کی کاشت کیسے کی جاتی ہے؟

**- یا -**

حضورؐ نے حجۃ الوداع کی تیاریاں کس طرح کیں؟

43. **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے ؛**

حضرت ٹیپو سلطانؒ کی ولادت دیون ہلی مقام پر ہوئی۔ ان کے والد کا نام حیدر علی اور والدہ کا نام فاطمہ بیگم تھا۔ حیدر علی ایک بہادر سپہ سالار ہونے کے باوجود علم کی دولت سے محروم تھے۔ اسی لئے انہوں نے بچپن سے ہی حضرت ٹیپو سلطانؒ کی تعلیم و تربیت کا معقول انتظام کیا جس کی وجہ سے حضرت ٹیپو سلطان کئی علوم فنون سے آراستہ ہوئے۔ نہایت ہی کم سنی میں حکومت کی ذمہ داری قبول کی۔ حکومت کی بقا کے لئے اور عوام کی فلاح و بہبودی کے لئے آپ نے بہت سے عظیم کارنامے انجام دئے۔ حضرت ٹیپو سلطانؒ ہی ہندوستان کے واحد حکمران تھے جنہوں نے بحری جہاز تیار کیا تھا۔ تعجب کا مقام ہے کی سلطان ٹیپو راکٹ کے موجد تھے۔ سابق صدر ہند ڈاکٹر عبدالکلام جب امریکی فضائی میوزیم گئے تھے تو وہاں انہوں نے دیکھا کہ سلطان ٹیپوؒ کا نام موجدوں کی فہرست میں شامل ہے۔ اس کے علاوہ ٹیپو سلطانؒ نے کوآپریٹیو بینک بھی کھولا تھا، جس کا مقصد قلیل آمدنی والوں کی مدد کرنا تھا۔

**سوالات:**

(i) حضرت ٹیپو سلطانؒ کے والد کون تھے؟ انہوں نے اپنے بیٹے کی تعلیم و تربیت کا معقول انتظام کیوں کیا؟

(ii) حضرت ٹیپو سلطانؒ کے کارنامے کیا تھے؟

**VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے؛** 1x5=5

44. اپنے دوست/ سہیلی کے نام ایک خط لکھئے، جس میں موسمِ گرما میں اپنے گھر آنے کی دعوت دی گئی ہو۔

**- یا -**

اپنی اسکول کے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے، جس میں اپنی بہن کی شادی کا ذکر کرتے ہوئے دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

**VIII. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے؛** 1x5=5

45. میرا پسندیدہ کھیل **- یا -** بڑھتی ہوئی مہنگائی

☆☆☆☆☆

**Karnataka Secondary Education Examination Board**

**2019-20 Model Question Paper-1**

**Subject: First Language -Urdu** **Subject code: 12U**

**(Private Fresh)**

**Max. Marks: 125** **Max. Time: 3:15Hrs**

**ہدایات:**

(1)اس سوالی پرچے میں جملہ 59 سوالات درج ہیں۔

(2) املا، خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھا جائے۔ لکھنے سے قبل خوب سمجھ کر جوابات تحریر کریں۔

---

**I. درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کرکے لکھیں؛** 10x1=10

1. جس جملے میں مسند اور مسند الیہ اسم ہو، وہ جملہ کہلاتا ہے۔

(A) جملۂ فعلیہ (B) جملۂ مرکب (C) جملۂ مفرد (D) جملۂ اسمیہ

2. اس جملۂ انشائیہ میں ''شرط'' کی مثال ہے۔

(A) میری ضرورت پوری کردیں۔ (B) اگر محنت نہ کرتے تو کامیاب نہ ہوتے۔

(C) ہائے! یہ تباہی دیکھی نہیں جاتی۔ (D) واللہ کمال کا آدمی ہے۔

3. اُردو شاعری کی مقبول ترین صنف ہے۔

(A) غزل (B) قصیدہ (C) رباعی (D) مرثیہ

4. اصغؔر سے ملے لیکن، اصغؔر کو نہیں دیکھا اشعار میں سنتے ہیں، کچھ کچھ وہ نمایاں ہے

اس شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے۔

(A) صنعتِ تلمیح (B) صنعتِ استعارہ (C) صنعتِ تضاد (D) صنعتِ تکرار یا تکریر

5. مرکب جملہ کی قسمیں ہیں۔

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

6. جس نظم میں کسی مرحوم شخص کی تعریف کی جائے وہ ہے۔

(A) قصیدہ (B) مثنوی (C) منقبت (D) مرثیہ

7. پامال کا مترادف لفظ ہے۔

(A) آباد (B) خوشی (C) برباد (D) بدلہ

8. درجِ ذیل میں لاحقے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) ناپاک (B) روشناس (C) بدکار (D) لاجواب

9. غیر متعلق لفظ الگ کیجئے۔

(A) واقعات (B) برسات (C) حادثات (D) حالات

10. صورت کے لحاظ سے جملے کی قسمیں ہیں۔

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

**II. پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے؛** 5x1=5

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 11. درشتی | : | افسانہ | :: | بدایوں کے شام وسحر | : | ---------------------- |
| 12. صدا | : | آواز | :: | سدا | : | ---------------------- |
| 13. ابد | : | ازل | :: | عیاں | : | ---------------------- |
| 14. ایک آنکھ سے دیکھنا | : | انصاف پسند ہونا | :: | بھسم کردینا | : | ---------------------- |
| 15. رونق | : | بےرونق | :: | خوب صورت | : | ---------------------- |

**III. درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے؛** 8x1=8

16. قاضی عبدالودود کس ملک کی نرسنگ ہوم میں زیرِعلاج تھے؟
17. ہرفرد اور ہرقوم کا پیدائشی حق کیا ہے؟
18. کونسا عقیدہ ہرمذہب میں موجود ہے؟
19. روزانہ مصنف کے جاگنے کا معمول کیا تھا؟
20. ''رباعی'' کس لفظ سے بنا ہے؟
21. اُونٹوں کو چرانے والے سے مُراد کون ہیں؟
22. بلدیہ والے کیا کام کرتے ہیں؟
23. زمانے کی گردش کا کیا مطلب ہے؟

**IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے؛** 15x2=30

24. نظم ''مچھر کا الٹی میٹم'' میں شاعر نے انسان کو انسان کا قاتل کیوں کہا؟
25. ''اماں'' کی شکل اور قد کے بارے میں لکھئے۔
26. بدایوں کی کونسی ہستیاں مصنفہ کو یاد ہیں اور کیوں؟
27. بھرت نارائن کون تھے؟ اُن کی وصیت کیا تھی؟
28. دنیا کے کون کونسے ممالک میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے؟
29. زعفران میں کون کونسے کیمیاوی اجزاء پائے جاتے ہیں؟
30. شاعر جوشؔ ملیح آبادی کی نظر میں رشوت نہ لینے سے کیا کیا نقصان ہوتا ہے؟
31. حضرت امام حسینؓ کے رختِ سفر باندھتے ہی کونسا منظر سامنے آیا؟
32. ''سرحدوں کا جال'' نظم میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟
33. شادؔ عظیم آبادی نے اپنی رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے؟
34. نویں ذی الحجہ کو عازمینِ حج نے کیا کیا؟
35. اٹلی کے قتیل گارڈینو برونو نے عدالت میں کیا الفاظ کہے تھے؟
36. حضرت محمدؐ کی آمد سے قبل دنیا کا کیا عالم تھا؟
37. درخت پھولوں کے گہنے کب پہنتے ہیں؟

38. ذیل کے جملوں کے خط کشیدہ الفاظ کو ہدایت کے مطابق تبدیل کیجئے؛

(i) غالبؔ کے اشعار قدرے آسان ہوتے ہیں۔ (ضد)

(ii) اُردو زبان ایک جاندار زبان ہے۔ (مترادف)

**V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے؛** 14x3=42

39. اماں ملغوبہ کس طرح تیار کرواتی تھیں؟

40. حضورؐ نے دورانِ حج "صفا" کی پہاڑی پر چڑھ کر کیا فرمایا؟

41. رباعی کی تعریف کیجئے۔

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے؛**

42. "لوگو! امن وسکون کے ساتھ، لوگو! امن وسکون کے ساتھ۔"

43. "یقیناً میں نے کہا ہے موجودہ گورنمنٹ ظالم ہے۔"

44. "اور کیا تین بجے ہی سورج نکل آئے گا۔"

45. **درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے؛**

زہرہ جمال

46. **درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے؛**

شوق قدوائی

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے؛**

47. کن یوں غزل سُنایا، جلتیاں کوں پھر جلایا
سوزِ ندِ لا اُبالی، شوقِ حسن کہاں ہے

48. کیا کیا خضرؑ نے سکندر سے
اب کسے رہنما کرے کوئی

49. یہ اپنی وفا کا عالم ہے، اب ان کی جفا کو کیا کہئے
اک نشترِ زہر آگیں رکھ کر، نزدیک رگِ جاں بھول گئے

**درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے؛**

50. **ان الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔**

(i) باطل (ii) شمیم (iii) اہتمام

51. مرکب جملے کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجئے۔

52. صنعت تلمیح کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجئے۔

- یا -

صنعت تضاد کی تعریف مع مثال لکھئے۔

**VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے؛** 5x4=20

53. اپنی نصابی کتاب سے ''حمد'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔

- یا -

مرثیہ کے آخری دو بند زبانی لکھئے۔

54. **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے؛**

(i) جگنو (ii) سرحدوں کا جال

55. جوشؔ کی نظم ''ماتمِ آزادی'' میں کس پر چوٹیں کی گئی ہیں؟

56. بحث کیجئے کہ ''امیر خسرو کی نظر میں شاعری ایک شوق نہیں حکمت کا درجہ رکھتی تھی۔''

- یا -

مولانا ابوالکلام آزاد کا '' آزادی سے متعلق کیا عقیدہ تھا؟

57. **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جواب لکھئے؛**

اچھی کتاب کا انتخاب ایک اہم مسئلہ ہے۔اس کے لئے احتیاط اور غور وفکر کی سخت ضرورت ہوتی ہے۔اچھی کتاب ایک اچھے دوست کی طرح ہوتی ہے، جو دل ودماغ اور عادات واطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔بُری کتاب مخربِ اخلاق ہوتی ہے، جو طبعیت کو بُرائی کی طرف مائل کرتی ہے اچھا طالبِ علم وہی ہے جو عظیم رہنماؤں کی سوانح حیات،سفرنامے،تاریخی، مذہبی اور سائنسی کتابوں کو پسند کرے۔

**سوالات:**

(i) اچھی کتاب کے انتخاب میں کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

(ii) اچھا طالب علم کہلانے کے لئے کن کتابوں کا مطالعہ ضروری ہے؟

**VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے؛** 1x5=5

58. اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے، جس میں اپنی سالانہ امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

- یا -

اپنی اسکول کے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے، جس میں کوئی مناسب وجہ بتا کر تین دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

**VIII. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے؛** 1x5=5

59. ٹیلی ویژن کے فائدے اور نقصانات - یا - میرا پسندیدہ کھیل

☆☆☆☆☆

# Karnataka Secondary Education Examination Board

## 2019-20 Model Question Paper-2

**Subject: First Language -Urdu** **Subject code: 12U**

**(Private Fresh)**

**Max. Marks: 125** **Max. Time: 3:15Hrs**

**ہدایات:**

(1) اس سوالی پرچے میں جملہ 59 سوالات درج ہیں۔

(2) املا، خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھا جائے۔ لکھنے سے قبل خوب سمجھ کر جوابات تحریر کریں۔

---

**I. درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں؛** 10x1=10

1. محاورہ ''باغ باغ ہونا'' کا مطلب ہے۔

(A) چہل قدمی کرنا (B) خوش ہونا (C) باغی ہونا (D) باغبانی کرنا

2. ارکان کی تکرار سے پیدا ہونے والے مخصوص وزن کو کہتے ہیں۔

(A) بحر (B) علم عروض (C) تقطیع (D) استعارہ

3. وہ نظم جس کے مصرع گھٹتے اور بڑھتے ہیں۔

(A) آزاد نظم (B) ترجیع بند (C) ترکیب بند (D) پابند نظم

4. کسی واقعہ، کیفیت یا صورتِ حال کی خبر دینے والے جملے کو کہتے ہیں۔

(A) جملۂ فعلیہ (B) جملۂ انشائیہ (C) جملۂ خبریہ (D) مقطع

5. بھاگ مسافر میرے وطن سے، میرے چمن سے بھاگ بھیتر بھیتر پھول کھلے ہیں، اندر اندر آگ

اس شعر میں استعمال شدہ صنعت ہے۔

(A) صنعتِ تکرار (B) صنعتِ تلمیح (C) صنعتِ استعارہ (D) صنعتِ تضاد

6. صورت کے اعتبار سے جملے کی قسمیں ہیں۔

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

7. غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔

(A) قافیہ (B) مطلع (C) ردیف (D) مقطع

8. مرکب مطلق کے قسموں کی تعداد ہے۔

(A) دو (B) چار (C) چھے (D) آٹھ

9. ''اس کی بات تو ٹھیک ہے مگر رویہ غلط ہے۔'' قواعد کے اعتبار سے یہ جملہ ہے۔

(A) تردیدی (B) سببی (C) استدراکی (D) وصلی

10. ان میں مذکر لفظ ہے۔

(A) بہار (B) دلہن (C) پنکھا (D) ہوا

**II. پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے؛** 5x1=5

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 11. آغاز | : | انجام | :: | آقا | : | ---------------------- |
| 12. عہد | : | دَور | :: | اَحد | : | ---------------------- |
| 13. مہا آتما | : | عظیم روح والا | :: | سحرطراز | : | ---------------------- |
| 14. پروان چڑھنا | : | کامیاب ہونا | :: | آگاہ کرنا | : | ---------------------- |
| 15. حق | : | حقوق | :: | جذبہ | : | ---------------------- |

**III. درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے؛** 8x1=8

16. نمازِ عشق کے نصاب کا کیا مطلب ہے؟
17. اداؔ جعفری نے بدایوں کی خیریت کس سے دریافت کی؟
18. نظم ''مچھر کا الٹی میٹم'' کے شاعر کون ہیں؟
19. پنڈت نہرو اپنے پورے نام کا اِملا کس طرح لکھا کرتے تھے؟
20. ودیا چرن جی کی تقریر کا جواب کون دیا کرتا تھا؟
21. حضورؐ نے عورتوں کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟
22. مچھر اپنے آپ کو کیا کہتا ہے؟
23. نظم ''رشوت'' میں شاعر کونسی عادت کو خلافِ آدمیت کہہ رہا ہے؟

**IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے؛** 15x2=30

24. حضرت زینبؓ کو زار و قطار روتا ہوا دیکھ کر حضرت امام حسینؓ نے کیا نصیحت کی؟
25. تاریخ عالم کی سب سے بڑی ناانصافیاں کیا کیا ہیں؟
26. پرنسپل بھرت نارائن کی ساری زندگی کس کام میں گذری؟
27. ''پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے''۔ اندو متی کے اس طرح سوچنے کی وجہ کیا تھی؟
28. امیر خسرو کو ابتدائی زندگی میں مصیبتوں کا سامنا کیوں کرنا پڑا؟
29. امیر خسرو اپنے آپ کو ہندوستانی ترک کیوں کہتے تھے؟
30. بہار کے موسم میں چڑیاں کیا کرتی ہیں؟
31. نظم ''رشوت'' میں شاعر اپنی بستی کو کن لوگوں کا پاگل خانہ کہہ رہا ہے؟ اور کیوں؟
32. حضرت امام حسینؓ اُمت کے واسطے کیا کچھ کر گذرنا چاہتے تھے؟
33. تلوک چند محرومؔ نے اپنی رباعی میں کس بات کا پیغام دیا ہے؟
34. نہرو اور جوشؔ کی دوستی کس قسم کی تھی؟
35. امیر خسرو کو قومی یکجہتی کا پیامبر کیوں کہا جاتا ہے؟
36. بلدیہ والے کیا کام کرتے ہیں؟ مچھر اپنے آپ کو کیا کہتا ہے؟
37. نظم ''جگنو'' میں شاعر نے یتیم بچّے کی بے چینی کا اظہار کس طرح کیا ہے؟

38. **ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے؛**

(i) جال

(ii) سرحد

**7. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے؛** 14x3=42

39. مصنف کو آخر کس طرح اپنی بیداری کا قائل ہونا پڑا؟

40. ''حمد'' کے چوتھے شعر میں شاعرہ ڈاکٹر صغریٰ عالم کیا کہنا چاہتی ہیں؟

41. مولانا آزاد، اٹلی کے قتیل گارڈینو برونو نے عدالت میں کیا الفاظ کہے تھے؟

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے؛**

42. ''اے خدا تو گواہ رہ۔''

43. 'یادوں کے آئینے میں سجی ہوئی ہر تصویر حسین بھی ہو جاتی ہے اور عزیز بھی۔''

44. ''اُردو یا ہندی کے خطوط سنسر والے روک لیتے ہیں۔''

45. **درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے؛**

مولانا ابوالکلام آزاد

46. **درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے؛**

فراق گورکھپوری

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے؛**

47. یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے
قطرہ میں سمندر ہے، ذرے میں بیاباں ہے

48. بات پر واں زبان کٹتی ہے
وہ کہیں اور سُنا کرے کوئی

49. ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں
مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

**درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے؛**

50. **ان الفاظ کے مترادفات لکھئے؛**

(i) انتقام (ii) توقع (iii) اجنبی

51. مضمون کی تعریف کیجئے۔ اس کے کتنے حصّے ہیں اور کون کونسے ہیں؟ لکھئے۔

52. صنعت استعارہ کی تعریف کرتے ہوئے مع مثال لکھئے۔

- یا -

صنعتِ تشبیہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

**VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے؛** 5x4=20

53. اپنی نصابی کتاب سے ''حمد'' یا ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔

54. **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے؛**

(i) سرحدوں کا جال (ii) آمدِ بہار

55. لالہ کرپاشنکر جی کے مصنف کو جگانے کا حال اپنے الفاظ میں لکھئے۔

56. زعفران کی کاشت کیسے کی جاتی ہے؟

**- یا -**

حضورؐ نے حجۃ الوداع کی تیاریاں کس طرح کیں؟

57. **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جواب لکھئے؛**

حضرت ٹیپو سلطانؒ کی ولادت دیون ہلی مقام پر ہوئی۔ ان کے والد کا نام حیدر علی اور والدہ کا نام فاطمہ بیگم تھا۔ حیدر علی ایک بہادر سپہ سالار ہونے کے باوجود علم کی دولت سے محروم تھے۔ اسی لئے انہوں نے بچپن سے ہی حضرت ٹیپو سلطانؒ کی تعلیم و تربیت کا معقول انتظام کیا جس کی وجہ سے حضرت ٹیپو سلطان کئی علوم فنون سے آراستہ ہوئے۔ نہایت ہی کم سنی میں حکومت کی ذمہ داری قبول کی۔ حکومت کی بقا کے لئے اور عوام کی فلاح و بہبودی کے لئے آپ نے بہت سے عظیم کارنامے انجام دئے۔ حضرت ٹیپو سلطانؒ ہی ہندوستان کے واحد حکمران تھے جنہوں نے بحری جہاز تیار کیا تھا۔ تعجب کا مقام ہے کی سلطان ٹیپو راکٹ کے موجد تھے۔ سابق صدر ہند ڈاکٹر عبدالکلام جب امریکی فضائی میوزیم گئے تھے تو وہاں انہوں نے دیکھا کہ سلطان ٹیپوؒ کا نام موجدوں کی فہرست میں شامل ہے۔ اس کے علاوہ ٹیپو سلطانؒ نے کوآپریٹیو بینک بھی کھولا تھا، جس کا مقصد قلیل آمدنی والوں کی مدد کرنا تھا۔

**سوالات:**

(i) حضرت ٹیپو سلطانؒ کے والد کون تھے؟ انہوں نے اپنے بیٹے کی تعلیم و تربیت کا معقول انتظام کیوں کیا؟

(ii) حضرت ٹیپو سلطانؒ کے کارنامے کیا تھے؟

**VII. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے؛** 1x5=5

58. اپنے دوست/سہیلی کے نام ایک خط لکھئے، جس میں موسمِ گرما میں اپنے گھر آنے کی دعوت دی گئی ہو۔

**- یا -**

اپنی اسکول کے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے، جس میں اپنی بہن کی شادی کا ذکر کرتے ہوئے دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

**VIII. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے؛** 1x5=5

59. میرا پسندیدہ کھیل **- یا -** بڑھتی ہوئی مہنگائی

☆☆☆☆☆